© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ

ماہوار رسالہ

# مرقع قادیانی

جلد ۳ نمبر ۲

امرتسر ۔ بابت مئی سنہ ۱۹۳۱ء

## مرقع قادیانی کا خاص نمبر

# "بطالت مرزا"

قادیانی اخبار "الفضل" نے ایک خاص نمبر شائع کیا ہے جس میں بزعم خود "صداقت مرزا" کے مضامین درج کئے ہیں ۔ چونکہ "الفضل" نے تصویر کا ایک رخ دکھایا ہے اس سے اصل حقیقتِ مرزا معلوم نہیں ہوسکتی ۔ واقفیت عامہ کے لئے ضروری ہے کہ تصویر کا دوسرا رخ بھی دکھایا جائے تاکہ ناظرین کو صحیح رائے قائم کرنے کا موقع مل سکے ۔ اس لئے تجویز ہوا ہے کہ "مرقع" کا ایک نمبر خاص بعنوان "بطالت مرزا" شائع کیا جائے ۔ نامہ نگارانِ مرقع اپنی اپنی تحقیق شستہ الفاظ میں لکھکر بھیجیں ۔ ممکن ہو تو "الفضل" کا صداقت نمبر مورخہ ۴ ۔ اپریل ۳۱ء اور "پیغام صلح" ۳ ۔ مئی بھی دیکھ لیں ۔

خادم

اڈیٹر

© rasailojaraid.com